13543 - جب كسى شخص كے گھر ميں اچانك كوئى فوت ہو جائے تو اسے كيا كرنا چاہيے

سوال

جب كسى كا كوئى قريبى شخص اچانك فوت ہو جائے تو اس كے رشتہ داروں كو كيا كرنا چاہيے؟، بہت سے ان لوگوں اور ہر خاندان ميں يہى سوال تكرار سے پيدا ہوتا ہے جن كے پاس اس موضوع كے متعلق شريعت مطہرہ كا علم نہيں ہوتا.
كيا آپ ہميں دلائل كے ساتھ بتا سكتے ہيں كہ صحيح كيا ہے جو اس بارہ ميں كيا جائے، حتى كہ اگر ہم ميں سے بھى كوئى اس جيسے واقع سے دوچار ہو تو وہ اس ميں كسى بدعت كا ارتكاب نہ كر بيٹھے، يا غلطى نہ كر لے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

جب ميت كى روح پرواز كر جائے اور اس كے اقرباء اور رشتہ داروں يا اس كے پاس موجود افراد كو مندرجہ ذيل كام كرنے چاہيں:

ا - اس كى آنكھيں بند كريں.

ب - اس كے ليے دعا بھى كريں.

اس كى دليل يہ ہے كہ ام سلمہ رضى اللہ تعالى عنہا بيان كرتى ہيں كہ:

" رسول كريم صلى اللہ عليہ وسلم ابو سلمہ كے پاس گئے تو ان كى آنكھيں پھٹى ہوئى تھيں، تو رسول كريم صلى اللہ عليہ وسلم نے ان كى آنكھيں بند كيں اور پھر فرمايا:

" جب روح قبض كى جاتى ہے تو آنكھيں اس كا پيچھا كرتى ہيں، تو ان كے گھر كے كچھ افراد چيخنے لگے، تو رسول كريم صلى اللہ عليہ وسلم نے فرمايا: تم اپنے ليے دعائے خير كے علاوہ كوئى اوردعا نہ كرو، كيونكہ جو كچھ تم كہتے ہو فرشتے اس پر آمين كہتے ہيں.

پھر رسول كريم صلى اللہ عليہ وسلم نے فرمايا:

" اے اللہ ابو سلمہ كو بخش دے، اور مہديين ميں اس كے درجات بلند فرما، اور اس كے پيچھے رہنے والوں ميں تو

اس کا جانشین بن جا، اے رب العالمین ہمیں اور اسے بخش دے، اور اس کے لیے اس کی قبر کو فراخ اور وسیع کردے، اور اسے نور و روشنی سے بھر دے"

اسے مسلم اور احمد اور بیہقی وغیرہ نے روایت کیا ہے.

ج ـ اسے کپڑے سے ڈھانپ دیں جو اس کا سارا جسم چھپائے.

اس کی دلیل عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا کی حدیث ہے کہ:

" جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم فوت ہوئے تو انہیں سوتی چادر سے ڈھانپا گیا "

اسے شیخان بخاری اور مسلم نے صحیحین اور بیہقی وغیرہ نے روایت کیا ہے.

د ۔ یہ تو اس کے متعلق ہے جو احرام کی حالت میں فوت نہ ہو، لیکن جو شخص احرام کی حالت میں فوت ہو اس کا سر اور چہرہ نہیں ڈھانپا جائےگا.

اس کی دلیل ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہما کی مندرجہ ذیل حدیث ہے، وہ بیان کرتے ہیں:

" ایك شخص میدان عرفات میں وقوف کی حالت میں تھا تو وہ اچانك اپنی سواری سے گرگیا اور اس کی گردن ٹوٹ گئی، تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

" اسے پانی اور بیری سے غسل دو اور دو کپڑوں میں کفن دو"

اور ایك روایت میں ہے:

" اس کے دو کپڑوں میں ہی (جن میں اس نے احرام باندھا تھا) "

اور اسے حنوط لگاؤ"

اور ایك روایت میں ہے:

" اسے خوشبو نہ لگاؤ"

اور اس کا سر] اور چہرہ نہ [ڈھانپو کیونکہ روز قیامت اسے تلبیہ کہتے ہوئے اٹھایا جائےگا"

اسے شیخین بخاری و مسلم نے صحیحین میں اور ابو نعیم رحمہ اللہ تعالی نے المستخرج اور بیہقی نے روایت کیا ہے،

اور زیادہ الفاظ بخاری میں نہیں ہیں.

ھ ۔ جب اس کی موت واضح ہو چکی ہو تو پھر اس کی کفن دفن کی تیاری جلد کرنی چاہیے.

اس کی دلیل ابو ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ کی مندرجہ ذیل مرفوع حدیث ہے:

" جنازہ میں جلدی کرو اگر وہ نیك اور صالح ہے تو پھر تم اسے خیر و بھلائی کی طرف لے جارہے ہو، اور اگر اس کے علاوہ کچھ اور ہے تو پھر تم اپنے کندھوں سے شر کو اتار رہے ہو"

صحیح بخاری و صحیح مسلم، اور یہ سیاق مسلم شریف کا ہے، اور اسے سنن اربعہ نے بھی روایت کیا ہے، اور ترمذی اور احمد اور بیھقی نے کئی ایك طرق سے ابو ہریرہ ہی کی روایت سے صحیح قراردیا ہے.

و ۔ میت کو اسی شہر اورملك میں دفن کریں جہاں وہ فوت ہوا ہے، اور اسے کہیں دوسری جگہ منتقل نہ کریں، کیونکہ یہ جلدی کرنے کے منافی ہے جس کا حکم بھی دیا گیا ہے.

اس لیے کہ عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا کا ایك بھائی جب وادی حبشہ میں فوت ہو گیا تو اسے وہاں سے اٹھا لیا گیا تو وہ فرمانے لگیں:

" میں اپنے دل میں نہیں پاتی، یا مجھے افسوس ہے مگر یہی خواہش تھی کہ اسے اس کی جگہ ہی دفن کر دیا جاتا"

اسے بیھقی نے صحیح سند کے ساتھ روایت کیا ہے.

امام نووی رحمہ اللہ تعالی " الاذکار" میں کہتے ہیں:

" اور جب وصیت کی جائے کہ اسے دوسرے ملك اور علاقے میں منتقل کیا جائے تواس کی وصیت پوری نہ کی جائے، کیونکہ صحیح اور مختار مذھب کے مطابق جس اکثر علماء قائل بھی ہیں اور محققون نے اس کی صراحت بھی کی ہے کہ ایك علاقے سے دوسرے علاقے میں منتقل کرنا حرام ہے"

ز ۔ ان میں بعض افراد میت کے مال سے اس کا قرض ادا کرنے میں جلدی کریں، اگرچہ اس کا سارا ترکہ ہی قرض کی ادائیگی میں ختم ہو جائے، اور اگر اس نے مال نہ چھوڑا ہو اور قرض ادا کرنا مشکل ہو تو پھر حکومت کے ذمہ ہے کہ وہ اس کا قرض ادا کرے، اور اگر حکومت ادا نہیں کرتی اور بعض اقربا اور رشتہ دار تطوعا ادائیگی کردیں تو جائز ہے.

سعد بن اطول رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ:

" ان کا بھائی فوت ہو گیا اور اس نے تین سو درہم ترکہ میں چھوڑے اور اپنے پیچھے بچے اور عیال بھی چھوڑے، تو میں نے یہ درہم ان پر خرچ کرنا چاہے تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا:

" یقینا تمہارا بھائی اپنے قرض میں جکڑا ہوا اور محبوس ہے، جاؤ جا کر اس کا قرض ادا کرو"

تو میں نے جا کر اس کا قرض ادا کیا اور پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور عرض کیا:

اے اللہ تعالی کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں نے اس کا قرض ادا کر دیا ہے صرف دو دینار باقی ہیں جن کا دعوی ایک عورت کر رہی ہے، اور اس کے پاس کوئی دلیل نہیں، تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

" اسے دے دو کیونکہ وہ حقدار ہے"

اور ایک روایت میں ہے: " وہ سچی ہے"

اسے ابن ماجۃ اور احمد اور بیہقی نے روایت کیا ہے، اور اس کی ایک روایت صحیح ہے، اوردوسری ابن ماجۃ کی سند کی طرح ہے، بوصیری رحمہ اللہ تعالی نے الزوائد میں اسے صحیح قرار دیا ہے.

اور سمرۃ بن جندب رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ:

" نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک نماز جنازہ پڑھایا"

اور ایک روایت میں ہے کہ:

" جب نماز جنازہ ختم کی تو فرمایا: " کیا فلاں خاندان والوں میں سے کوئی شخص یہاں ہے؟

سب لوگ خاموش رہے، اور جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ان سے ابتداء میں خود کلام کرتے تو لوگ خاموش رہتے تھے، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کئی بار کہا، تین بار کہنے کے باوجود کسی نے جواب نہ دیا، تو ایک شخص کہنے لگا: وہ شخص یہ ہے.

راوی کہتے ہیں کہ وہ شخص اپنی تہہ بند کھینچتا ہوا لوگوں کے پیچھے سے کھڑا ہوا تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے فرمایا:

" پہلی دونوں بار تجھے کس چیز نے مجھے جواب دینے سے منع کیا؟ "

میں تو تمہارے لیے خیر و بھلائی کے علاوہ کچھ ذکر نہیں کرتا، فلاں شخص (ان میں سے ایک) اپنے قرض میں جنت

سے محبوس ہے، اگر تم چاہو تو اسے چھڑا لو اور فدیہ دو، اور اگر تم چاہو تو اسے اللہ تعالی کے عذاب کے سپرد کر دو"

سمرہ کہتے ہیں: میں نے دیکھا کہ اس کے اہل وعیال اور جو اس کا خیال کرتے تھے انہوں نے اس کا قرض ادا کردیا

"حتی کہ کوئی بھی طلب کرنے والا باقی نہ رہے"

اسے ابو داود اور نسائی اور حاکم ، بیہقی، اور طیالسی نے اپنی مسند میں اور اسی طرح احمد نے روایت کیا ہے، بعض نے شعبی عن سمرۃ سے اور بعض نے شعبی اور سمرۃ کے درمیان سمعان بن مشنج کو داخل کر دیا ہے، اور یہ پہلی وجہ سے صحیح اور شیخین کی شرط پر ہے، جیسا کہ حاکم نے کہا ہے اور امام ذہبی نے اس کی موافقت کی ہے، اور دوسری وجہ کے مطابق صرف صحیح ہے.

اللہ تعالی سے ہماری دعا ہے کہ سب مومن مردوں اور عورتوں کی مغفرت فرمائے، اور اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے.